روزنامہ
الفضل
C.P.L 29-FD 047-6213029 ٹیلی فون نمبر
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 29 ستمبر 2005ء 24 شعبان 1426 ہجری 29 تبوک 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 218

تقویٰ کی باریک راہ

آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

بعض اوقات گھر میں بستر پر یا کسی اور جگہ کوئی کھجور پڑی ملتی ہے میں اٹھاتا ہوں اور بھوک کی وجہ سے کھانے لگتا ہوں۔ مگر خیال آتا ہے کہ کہیں صدقہ کی نہ ہو۔ تب اس کے کھانے کا ارادہ ترک کر دیتا ہوں۔

(صحیح بخاری کتاب اللقطہ باب اذا وجد تمرۃ فی الطریق حدیث نمبر:2253)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

پہلا مرحلہ یہ ہے کہ انسان تقویٰ اختیار کرے۔ میں اس وقت برے کاموں کی تفصیل بیان نہیں کرسکتا۔ قرآن شریف میں اول سے آخر تک اوامر اور نواہی اور احکام الٰہی کی تفصیل موجود ہے۔ اور کئی سو شاخیں مختلف قسم کے احکام کی بیان کی ہیں۔ خلاصۃً یہ کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کو ہرگز منظور نہیں کہ زمین پر فساد کریں۔ اللہ تعالیٰ دنیا پر وحدت پھیلانا چاہتا ہے۔ لیکن جو شخص اپنے بھائی کو رنج پہنچاتا ہے۔ ظلم اور خیانت کرتا ہے، وہ وحدت کا دشمن ہے۔ جب تک یہ بد خیال دل سے دور نہ ہوں کبھی ممکن نہیں کہ سچی وحدت پھیلے۔ اس لئے اس مرحلہ کو سب سے اول رکھا۔

تقویٰ کیا ہے؟ ہر قسم کی بدی سے اپنے آپ کو بچانا۔ پس خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ ابرار کے لئے پہلا انعام شربت کافوری ہے۔ اس شربت کے پینے سے دل برے کاموں سے ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔ اس کے بعد ان کے دلوں میں برائیوں اور بدیوں کے لئے تحریک اور جوش پیدا نہیں ہوتا۔ ایک شخص کے دل میں یہ خیال تو آجاتا ہے کہ یہ کام اچھا نہیں یہاں تک کہ چور کے دل میں بھی یہ خیال آ ہی جاتا ہے مگر جذبۂ دل سے وہ چوری بھی کر ہی لیتا ہے۔ لیکن جن لوگوں کو شربت کافوری پلا دیا جاتا ہے ان کی یہ حالت ہو جاتی ہے کہ ان کے دل میں بدی کی تحریک ہی پیدا نہیں ہوتی بلکہ دل برے کاموں سے بیزار اور متنفر ہو جاتا ہے۔ گناہ کی تمام تحریکوں کے مواد دبا دیئے جاتے ہیں۔ یہ بات خدا تعالیٰ کے فضل کے سوا میسر نہیں آتی۔ جب انسان دعا اور عقد ہمت سے خدا تعالیٰ کے فضل کو تلاش کرتا ہے اور اپنے نفس کے جذبات پر غالب آنے کی سعی کرتا ہے تو پھر یہ سب باتیں فضل الٰہی کو کھینچ لیتی ہیں اور اسے کافوری جام پلایا جاتا ہے۔ جو لوگ اس قسم کی تبدیلی کرتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں زمرۂ ابدال میں داخل فرماتا ہے۔ اور یہی تبدیلی ہے جو ابدال کی حقیقت کو ظاہر کرتی ہے۔

یہ بھی عموماً دیکھا گیا ہے کہ اکثر لوگ ایک مجلس میں بیٹھے ہوئے جب اس قسم کی باتوں کو سنتے ہیں تو ان کے دل متاثر ہو جاتے ہیں اور وہ اچھا بھی سمجھتے ہیں۔ لیکن جب اس مجلس سے الگ ہوتے ہیں اور اپنے احباب اور دوستوں سے ملتے ہیں تو پھر وہی رنگ ان میں آجاتا ہے اور ان سنی ہوئی باتوں کو یکدم بھول جاتے ہیں اور وہی پہلا طرز عمل اختیار کرتے ہیں۔ اس سے بچنا چاہئے۔ جن صحبتوں اور مجلسوں میں ایسی باتیں پیدا ہوں ان سے الگ ہو جانا ضروری ہے اور ساتھ ہی یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ ان تمام بری باتوں کے اجزاء کا علم ہو۔ کیونکہ طلب شئے کے لئے علم کا ہونا سب سے اول ضروری ہے۔ جب تک کسی چیز کا علم نہ ہو اسے کیونکر حاصل کر سکتے ہیں۔

(ملفوظات جلد چہارم ص655)

مریم شادی فنڈ

حضرت امام جماعت رابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ''مریم شادی فنڈ'' ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جاسکے گا۔''

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

تقویٰ یہ ہے کہ گناہوں سے بچنے کی کوشش کرو۔

ربوہ میں ہر گھر میں تین پھلدار پودے لگائیں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

ربوہ میں ایک مہم چلائیں کہ ہر گھر میں خواہ وہ چھوٹا ہی ہو پھل والے کم از کم تین پودے ضرور لگیں۔ امرود کینو اور ایک کوئی اور پھل والا پودا۔ اس سے وہ غریب طبقہ جو خرید کر پھل کھانے کی طاقت نہیں رکھتا وہ اپنے گھر میں تیار شدہ پودوں سے پھل حاصل کر کے کسی حد تک اس کمی کو پورا کر سکے گا۔

(الفضل 19 مارچ 1996ء)

وقت آنے دو

رعنائیاں ہر سُو بکھریں گی گیسوئے سحر لہرانے دو
پُر نور سویرا پھوٹے گا یہ ظلمتِ شب ڈھل جانے دو
تم اپنی وفا پر دیوانو بھولے سے بھی حرف نہ آنے دو
جو تم کو برائی دیتے ہیں تم ان کو پیار خزانے دو
ہم جَور و جفا کے خوگر ہیں بدلیں گے نہ اپنی خوئے وفا
ہم پیار کی شمعیں جلائیں گے نفرت کو زور دکھانے دو
تزئینِ گلستاں کر لیں گے پھر خونِ دل و جاں سے اپنے
پہلے ہم آبلہ پاؤں کو کانٹوں کی پیاس بجھانے دو
یہ سچے عشق کی باتیں ہیں خوش بختی کی معراج ہے یہ
وہ لُطفِ مجسم جب بھی کہے اب جانوں کے نذرانے دو
جذبات کا خُوں کرتے کرتے اِک عمر گزاری ہے ہم نے
خاموش نگاہوں کو اب تو اس دل کا حال سنانے دو
ناموسِ دِیں کا تحفظ بھی اس دَور میں ایک خطا ٹھہری
یہ قاضیٔ شہر کا فتویٰ ہے اس جرم کے بھی ہرجانے دو
دل خوفِ خدا سے خالی ہیں ہوتی ہے تجارت مذہب کی
مذہب کے اجارہ داروں کو آئینہ ذرا دکھلانے دو
اِک موج بہا لے جائے گی سب ریت پہ لکھّی تحریریں
اُس مالک کے ہاں دیر تو ہے اندھیر نہیں وقت آنے دو
ہر شخص پکارے گا اک دن ہر لب پہ یہی نعرہ ہو گا
ماحول کے چہرے سے ثاقبؔ بادل تو ذرا چھٹ جانے دو

ثاقبؔ زیروی

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

☆ مکرم محمد محمود اقبال صاحب کوارٹرز تحریک جدید ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے عاجز کی منجھلی بیٹی مکرمہ شافیہ سجاد صاحبہ اور مکرم سجاد احمد قریشی صاحب ابن مکرم اعجاز ریاض قریشی صاحب نیو مسلم ٹاؤن لاہور کو 19/اگست 2005ء کو بیٹی سے نوازا ہے جس کا نام امان تجویز ہوا ہے۔ نومولودہ حضرت بابو غلام محمد صاحب ثانی رفیق حضرت بانی سلسلہ کی نسل میں سے ہے۔ احباب جماعت سے نومولودہ کے نیک صالح خادم دین، درازی عمر اور والدین کے لئے قرۃ العین ہونے کے لئے درخواست دعا ہے۔

۞ مکرمہ منیرہ منیر صاحبہ فیصل آباد سے تحریر کرتی ہیں کہ میرے بیٹے مکرم کاشف منیر صاحب کو خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے 2/اگست 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے جس کا نام روحان منیر تجویز ہوا ہے بچہ وقف نو کی تحریک میں شامل ہے۔ بچہ ملک منیر الدین خاں صاحب مرحوم کا پوتا اور ملک انعام صاحب اقبال ٹاؤن لاہور کا نواسہ اور حضرت شیخ ظہور الدین صاحب رفیق حضرت بانی سلسلہ کی نسل سے ہے۔ دعا ہے خدا تعالیٰ بچے کو نیک لائق اور خادم دین بنائے اور ماں باپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔

☆ مکرم نذیر احمد سہگل صاحب اسلام آباد تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے میرے بیٹے مکرم ظہیر احمد بابر صاحب کو ایک بیٹی کے بعد یکم ستمبر 2005ء کو بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت فرید احمد نام عطا فرمایا ہے۔ بچہ مکرم چوہدری بشارت احمد صاحب اسلام آباد کا نواسہ اور مکرم فتح محمد صاحب سہگل آف سیالکوٹ کے خاندان سے ہے۔ احباب دعا کریں کہ بچہ باعمر، نیک اور خادم دین ہو۔ آمین

سانحہ ارتحال

۞ مکرمہ وسیمہ قدسیہ صاحبہ 25/اگست 2005ء کو کینیڈا میں وفات پا گئیں۔ مرحومہ ایک لمبا عرصہ کراچی میں رہیں اور 2001ء میں کینیڈا چلی گئی تھیں۔ آپ بلند پایہ شاعرہ تھیں۔ ان کی نظموں کا کتابچہ خاموشیوں کا سرمایہ گزشتہ سال شائع ہوا۔ ایم ٹی اے پر ان کی کہی ہوئی نعت ''میرے آقا محمد رسول خدا' نشر ہوتی ہے۔ وسیمہ قدسیہ نے کراچی یونیورسٹی سے ایم ایس سی (جینیٹکس) مکمل کیا۔ آپ کراچی میں سیکرٹری ناصرات اور مختلف عہدوں پر فائز رہیں۔ بچوں کیلئے کتابچہ ''موتیوں کی مالا'' شائع کیا۔ مرحومہ کے پانچ بچے ہیں جن میں سے چار تحریک وقف نو میں شامل ہیں۔ آپ کے پسماندگان میں آپ کے والد مکرم اعجاز قدیر صاحب کراچی خاوند مکرم اعجاز اقبال صاحب کینیڈا اور بچگان ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت میں بلند درجات عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل بخشے آمین

درخواست دعا

۞ مکرم انعام الرحمٰن شاکر صاحب معلم اصلاح وارشاد مقامی تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی والدہ محترمہ مریم بی بی صاحبہ زوجہ مکرم محمد اسحٰق وڑائچ صاحب سابق صدر جماعت خانہ میانوالی ضلع نارووال کچھ عرصہ سے بلڈ پریشر اور دل کی تکلیف میں مبتلا ہیں احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ والدہ صاحبہ کو شفائے کاملہ سے نوازے۔

۞ مکرم حبیب اللہ خادم صاحب دارالبرکات ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے محمد عظیم اللہ کا ملٹری ہسپتال راولپنڈی میں بائی پاس کا آپریشن متوقع ہے تمام بزرگان جماعت اور دوستوں سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل اور رحم سے آپریشن کو کامیاب کرے اور بعد میں ہر قسم کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے اور کو کامل صحت وسلامتی والی لمبی عمر عطا فرمائے۔

۞ مکرم رشید احمد صاحب تونسہ شریف تحریر کرتے ہیں کہ میرے بھائی مکرم سردار خان صاحب مندرانی گزشتہ آٹھ ماہ سے جگر کے عارضہ میں مبتلا ہیں۔ آجکل طبیعت کافی کمزور ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ محض اپنے فضل سے شفاء کاملہ وعاجلہ عطا کرے۔

۞ محترمہ ممتاز بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم شیخ رشید احمد صاحب مرحوم فاروق ہسپتال علامہ اقبال ٹاؤن لاہور میں داخل ہیں۔ شدید بیمار ہیں احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔

دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

۞ مکرم شفیق احمد گھمن صاحب نمائندہ مینیجر الفضل توسیع اشاعت الفضل چندہ جات اور بقایا جات کی وصولی اور الفضل میں اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں ضلع راولپنڈی کے دورہ پر ہیں تمام احباب جماعت سے تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

پروفیسر طاہر احمد نسیم صاحب

چشمہ خورشید میں موجیں تری مشہود ہیں ☆ ہر ستارے میں تماشا ہے تری چمکار کا

نظریہ ارتقاء اور ہستیٔ باری تعالیٰ

جب انسان ہر چیز کو عقل کی کسوٹی سے پرکھنا چاہے تو اگرچہ بہت سارے مسائل میں عقل اس کی راہنمائی کرتی ہے لیکن بعض باتیں ایسی عمیق در عمیق ہوتی ہیں کہ عقل ان کی کُنہہ تک نہیں پہنچ سکتی- اور دلائل کی رو سے ان کو ثابت کرنا ممکن نہیں ہوتا- ایسے معاملات میں بعض شواہد کی روشنی میں ایسے فیصلے کرنا پڑتے ہیں جن کو عقل کی مدد سے نہ سمجھ سکنے کے باوجود انسان کو ان کی صداقت پر حق الیقین ہوتا ہے- عقل کے پجاری ایسے لوگوں پر لاکھ ہنسیں- انہیں دقیانوسی اور فرضی دنیا کے باسی کہہ کر پکاریں لیکن ان کے ایمان میں ذرا فرق نہیں آتا- ایسے ہی لوگ بارگاہ ایزدی میں قبولیت پاتے ہیں کیونکہ وہ ارشاد خداوندی ''وہ غیب پر ایمان لاتے ہیں'' کی تعمیل کرنے والے ہوتے ہیں- سورج کو آسمان پر موجود دیکھ کر اس کا اقرار کرنا کوئی بات نہیں- اور نہ ہی اس کا کوئی اجر ہے لیکن مختلف شواہد کی روشنی میں اس وقت اس کی حقیقت کو تسلیم کرنا جب یہ ابھی منصۂ شہود پر نہ ابھرا ہو ایمان کی اصل کسوٹی ہے- کسی رسول خدا کو اس وقت قبول کرنا جب تمام دنیا اس کے نور سے جگمگا اٹھے اور اس کے ماننے والوں کا غلبہ نظر آنے لگے کس کام کا؟ مزا تو جب ہے کہ اس کی صداقت کو اس وقت شناخت کیا جائے جب اس کو تمام دنیا کی مخالفت کا سامنا ہو اور اس کو ماننے سے انسان کو خود بھی اس مخالفت کی آگ میں جلنا پڑے- اور اس راہ میں کسی قسم کی دنیاوی مصلحت کی پرواہ نہ کی جائے- یہ کام بہت کٹھن ہے اور بڑے حوصلہ اور پختہ ایمان کو چاہتا ہے لیکن اس کا اجر بھی خدا کے ہاں اسی نسبت سے بہت بڑا ہے- بالکل اسی طرح خدا تعالیٰ کی ہستی- اس کے ملائکہ- بعث بعد از موت اور جنت اور دوزخ- یہ سارے امور ایسے ہیں جن کو انسان مشاہدہ کرسکتا ہے اور نہ عقلی دلائل سے کسی کو ان کے حقیقت ہونے کے بارے میں قائل کرسکتا ہے- لیکن بعض دیگر شواہد ایسے ہیں جو ان حقائق کو روز روشن کی طرح ثابت کر دیتے ہیں- مثلاً خدا تعالیٰ کی ہستی کے بارے میں یہی مشاہدہ کافی ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی ایک لمبی لائن ہے جو خدا تعالیٰ سے خبر پا کر مستقبل کے بارے میں پیشگوئیاں کرتے رہے اور کلیۃً انسانی تصرف سے بالا ہونے کے باوجود ان کی پیشگوئیاں ٹھیک اسی طرح پوری ہو جاتی رہیں- ان سب انبیاء علیہم السلام کا ایک ہی خدا کی طرف اشارہ کرنا- اس سے ہمکلامی کا شرف حاصل کرنے کے بعد اس کی بتائی ہوئی باتوں کو پیشگوئی کے رنگ میں دنیا کے سامنے پیش کرنا اور ان باتوں کا عین اسی طرح پورا ہو جانا- حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالنے پر آگ کا گلزار ہو جانا- حضرت نوح علیہ السلام کی قوم پر پانی کا طوفان آنے سے قبل ان کا کشتی تیار کرنا- حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کے سمندر میں سے پار اتر جانے کے بعد فرعون کا لشکر سمیت اسی سمندر میں اترنا اور غرق ہو جانا- اور ان سب انبیاء علیہم السلام کا ان معجزات کے لئے ایک ہی خدا کا حوالہ دینا- کیا یہ سب شواہد خدا تعالیٰ کی ہستی کے ثبوت کے لئے کافی نہیں ہیں؟ بالکل ایسے ہیں جیسے سینکڑوں آدمی لندن سے ہو کر آئیں اور اس شہر کی ایک جیسی تفاصیل بیان کریں تو کیا یہ مشاہدہ لندن کے موجود ہونے کے لئے کافی نہیں؟ کیا ہم اس بنا پر کہ چونکہ ہم نے خود اسے نہیں دیکھا یا عقلاً اس کی موجودگی کو ثابت نہیں کیا جا سکتا- اس سے انکار کر دیں گے؟

کچھ یہی حال ہے ان بڑے بڑے نیچری سائنسدانوں کا جو علم کے سمندر میں بڑی گہرائی تک غوطہ زن ہونے اور ڈاکٹر اور پروفیسر کی ڈگریاں رکھنے کے باوجود صرف اس وجہ سے خدا کی ہستی کے قائل نہیں ہیں کہ انہوں نے اسے دیکھا نہیں ہے اور اس کی ہستی کو عقلی دلائل سے ثابت نہیں کیا جا سکتا- یہ لوگ ڈارون کے نظریہ ارتقا کے حامی ہیں-

نظریہ ارتقا کیا ہے؟

یہ لوگ کہتے ہیں جس طرح بظاہر مردہ اشیاء میں قوانین قدرت کے تحت خود بخود تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں- زمین کے نیچے کی پلیٹوں کی حرکات کے نتیجہ میں پہاڑ بنتے- زیر سمندر گہرے نشیب پیدا ہوتے ہیں اور روئے زمین پر فالٹ (میلوں لمبی اور گہری دراڑیں) ظاہر ہوتے ہیں زمین کی اندرونی شدید حرارت آتش فشاں پہاڑوں اور گرم پانی کے چشموں اور فواروں کو جنم دیتی ہے- نباتات کے زیر زمین دفن ہو جانے سے پتھر کے کوئلے اور حیوانات کے دفن ہو جانے سے گیس اور تیل کے ذخائر پیدا ہو جاتے ہیں- سورج کی تمازت سے گلیشیرز پگھلنے- بخارات پیدا ہو کر بادل اور پھر بارش کا روپ دھارنے- میٹھے اور نمکین پانی کا باہمی ادل بدل کا چکر- آکسیجن اور کاربن ڈائی آکسائڈ کے چکر سے حیوانی اور نباتاتی زندگی کی بقا- اوپر خلاؤں میں سورج اور سیاروں کے نظام شمسی- ان سے آگے کہکشائیں- بلیک ہول سے بگ بینگ Big Bang کائنات کے بننے کا عمل- اور کائنات کا واپس بلیک ہول میں سما کر ختم ہو جانا اور پھر نئے سرے سے اس عمل کی دوہرائی- یہ سب قوانین قدرت کے ناقابل یقین مگر پُرلطف نظارے ہیں- نظریہ ارتقاء کے حامی کہتے ہیں کہ بالکل اسی طرح زندگی والے جانداروں میں بھی یہی قوانین قدرت کارفرما ہیں جو انہیں ماحول کے تقاضوں کے پیش نظر نئی تبدیلیاں پیدا کرنے پر آمادہ کرتے رہتے ہیں- لیکن یہ تبدیلیاں شعوری طور پر نہیں ہوتیں- بلکہ ان کے جینز Genes کے اندر یہ پیغام کندہ ہو جاتا ہے اور وہ آہستہ آہستہ کروڑوں اور اربوں سالوں کے عرصہ میں یہ تبدیلیاں کرتے ہیں- اس نظریے کے حامیوں کا کہنا ہے کہ مثلاً ایک پرندہ جو پانی میں مچھلیوں کا شکار کر کے اپنی خوراک حاصل کرتا ہے جو کم گہرے پانی کے لئے لمبی ٹانگوں- گہرے دریاؤں اور سمندروں میں تیز نظر- غوطہ لگانے اور تیرنے کی صلاحیت اور لمبی اور تیز چونچ کی ضرورت ہے- ایسی صلاحیتوں والے پرندے ارتقاء کے تحت رفتہ رفتہ تبدیلی کے عمل کے نتیجہ میں لمبے عرصہ کے بعد معرض وجود میں آئے اور ماحول کے تقاضوں کے تحت ہر جانور میں تبدیلی کا یہ عمل جاری و ساری ہے- جنگلوں میں جانوروں کی دوڑنے کی تیز رفتار ان کی بقایا خوراک کے حصول کی خاطر موجود مختلف جانوروں کی مختلف حیرت انگیز صلاحیتیں اسی ارتقائی عمل کا نتیجہ ہیں نظریہ ارتقاء کے مطابق جس جانور کو اپنی بقا کے لئے جس صلاحیت کی ضرورت تھی اس کے جینز نے لمبے عرصے کے ارتقا کے بعد وہ صلاحیت پیدا کر لی تا آنکہ ترقی کرتے کرتے جانور بندر- چمپینزی اور گوریلا کی سیڑھی چڑھتا ہوا بالآخر انسان پر منتج ہوا-

نظریہ ارتقاء اور مذہب

موجودہ زمانہ کے نظریہ ارتقاء کے ایک چیمپیئن پروفیسر ڈاکنز صاحب نے ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام ہے The Blind Watchmaker یعنی اندھا گھڑی ساز- وہ کہتے ہیں کہ گھڑی ایک نہایت پیچیدہ مشین ہے جس میں بہت نازک اور ننھے ننھے پرزے کمال صحت کے ساتھ باہم مربوط انداز میں کام کرتے ہیں- اس مشین کو بنانے کے لئے کسی ماہر اور تیز نظر والے ذہین و فہیم کاریگر کی ضرورت ہے- جو باقاعدہ منصوبہ بندی سے ہر پرزے کو مناسب شکل میں ڈھال کر اسے اس کی مناسب جگہ پر فٹ کرے- لیکن .... (یہاں ان کی عقل پر حیرت ہوتی ہے) قدرت کا تمام نظام- ہر جاندار اور بے جان چیز ایک ایسے کاریگر یعنی قانون قدرت کی تخلیق کردہ ہے جو آنکھوں سے اندھا اور دماغ سے عاری ہے اور اس کے باوجود حیران کن طریقہ سے بہترین رنگ میں بنائی گئی ہے- یعنی نظام قدرت کی گھڑی کا بنانے اور چلانے والا کاریگر ایک اندھا گھڑی ساز ہے- بجائے ایسے پیچیدہ اور اکمل اور اعلیٰ نظام قدرت کے حقیقی صانع کو تلاش کرنے کی کوشش کے- پروفیسر ڈاکنز اور ان کے ہمنوا دہریہ لوگ اس بات پر انگشت بدنداں ہیں کہ ایسا اعلیٰ نظام ایک اندھے گھڑی ساز نے بنا دیا! ان کے نزدیک- اس کائنات کو تخلیق کرنے والی کوئی ہستی نہیں ہے- نہ ہی یہ کسی منصوبہ یا کسی مقصد کے تحت بنائی گئی ہے- پس جوں جوں ماحول کی تبدیلی کے نتیجہ میں نئے نئے تقاضے جنم لیتے رہے- جینز اس کے مطابق جسم میں تبدیلیاں کرتے چلے گئے اور زندگی کی مختلف شکلیں نئی نئی صلاحیتیں حاصل کر کے بہتر سے بہتر ہوتی چلی گئیں- ان کی سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ جینز جو جسم میں تبدیلیاں پیدا کرنے کے ذمہ دار ہیں خود کہاں سے آئے؟ کس نے انہیں کس مواد سے اور کیوں پیدا کیا؟ قوانین قدرت کا ارتقائی عمل تو ان کے مطابق ان چیزوں پر ہی ہوتا ہے جو موجود ہیں اور جن کے اندر جینز ہیں- دوسرے لفظوں میں قوانین قدرت خالق نہیں ہیں بلکہ پہلے سے موجود تخلیق پر عمل کرتے ہیں- تو پھر سوال یہ ہے کہ وہ خالق کون ہے جس نے اول اول ان اشیاء کو ان کے جینز سمیت پیدا کیا جن جینز نے بعد ازاں ان میں تبدیلیاں لانے کا کام شروع کیا- یہ خالق وہ ہستی ہے جو ان تمام اشیاء سے پہلے موجود تھی اور جس نے ان اشیاء کو تخلیق کیا- اور جس کی ہستی کے ناقابل تردید ثبوت کا ذکر اوپر گزر چکا ہے- ارتقا کے عمل سے انکار نہیں لیکن یہ ارتقا کی صلاحیت بھی اسی خالق نے ان اشیاء کے اندر رکھ دی ہے جس نے انہیں پیدا کیا ہے- یوں ارتقا تو خالق حقیقی کی اعلیٰ وارفع صفت خالقیت کا ایک اور جلوہ ہے نہ کہ اسی صلاحیت کو خالق کہہ کر اصلی خالق کی ہستی سے ہی انکار کر دیا جائے- جیسا کہ اعلیٰ درجہ کا کمپیوٹر اپنے اندر پیدا ہونے والی غلطیوں کی خود ہی اصلاح بھی کر دیتا ہے- اس سے کمپیوٹر بنانے والے کی ہستی کے انکار کا جواز تو پیدا نہیں ہو جاتا- ارتقاء کا عمل اشیاء کی اعلیٰ صلاحیتوں کا مظہر ہے لیکن اس کی ایک حد ہے جس کے اندر اندر ایک ارتقا کا عمل ہوسکتا ہے مثلاً ایک پرندہ ارتقا کے ذریعہ اپنی جسمانی صلاحیتوں میں بہتری پیدا کرسکتا ہے- لیکن بے پروں کے جانور ارتقائی عمل سے پر پیدا نہیں کر سکتے- وہ اپنی موجودہ

صلاحیتوں کو ہی زیادہ بہتر بنا سکتے ہیں۔

بعض جانوروں کی خصوصیات

ہم جانتے ہیں کہ نر اور مادہ درختوں اور پودوں کے پھولوں کے بیج کے پرندوں اور پروانوں وغیرہ کی مدد سے باہم ملنے سے ان کا عمل تولید کام کرتا ہے۔ اس غرض کے لئے پھول خوش رنگ اور خوشبودار ہوتے ہیں تا کہ زیادہ سے زیادہ پرندوں اور پروانوں کو اپنی طرف کھینچیں یعنی پودے اپنے پھولوں کو اس رنگ میں ترتیب دیتے ہیں کہ وہ زیادہ سے زیادہ اپنی مخالف جنس تک آسانی سے پہنچ سکیں۔ بعض پودے ہوا کا سہارا لینے کے لئے اپنے پھولوں کو اتنا ہلکا بنا دیتے ہیں کہ وہ پک جانے کے بعد ہوا کے دوش پر اڑتے ہوئے اپنی منزل تک جا پہنچیں جیسے آک کا پودا۔ بعض بیج چمٹنے والے ہوتے ہیں۔ بعض خوش ذائقہ پھلوں میں ہوتے ہیں تا کہ پرندے انہیں کھا کر بیٹ کی صورت میں آگے پہنچا سکیں۔ لیکن ایک پودا ایسا ہے جس کے پھول کے نیچے ایک فٹ لمبی ٹیڑھی ٹیوب ہوتی ہے اور اس ٹیوب کے پیندے میں صرف آدھ انچ تک اس کے بیج ہوتے ہیں۔ اب ان بیجوں تک پہنچنا کسی پرندے کی چونچ یا پروانے کی سونڈ کے لئے ممکن نہیں ہے۔ آخر اس پودے کو کیا سوجھی کہ اس نے ارتقا کا عمل اس طرح کیا کہ اس کے بیج اپنے ہم جنس تک نہ پہنچ پائیں؟ یہ تو سراسر نسل کشی والی بات ہے جو ارتقا کے مقصد کے بالکل برعکس ہے۔ اب اسی علاقہ میں ایک ایسا پروانہ پایا جاتا ہے جس کی بالکل اس پھول سے مشابہہ ٹیڑھی ایک فٹ لمبی سونڈ ہوتی ہے جس سے وہ اس کے بیجوں تک رسائی حاصل کر کے ان پودوں کو بارآور کرتا ہے! یاد رہے کہ ارتقا کے حامیوں کے مطابق ارتقا کا عمل کروڑوں اربوں سال میں مکمل ہوتا ہے۔ تو کیا یہ پروانہ اور یہ پودا ایک دوسرے کو دیکھ کر اتنے لمبے عرصہ تک یہ مخصوص شکل اختیار کرتے رہے؟ یہ سراسر عقل کے خلاف مفروضہ ہے۔ آخر پودے نے ایسی شکل کیوں اختیار کی کہ جس سے اس کی نسل ختم ہو جائے۔ اور پروانے نے ایسی لمبی سونڈ کیوں بنا ڈالی جو سوائے اس خاص پودے کے اور کہیں سے اپنی غذا ہی نہ حاصل کر سکے؟ صاف واضح ہے یہ محض ارتقائی عمل نہیں تھا۔ بلکہ ایک خالق حقیقی کی طرف سے اپنی ایک اور صفت کی جلوہ گری تھی۔ بات دراصل یہ ہے کہ خداتعالیٰ یہ دکھانا چاہتا ہے کہ حقیقی علم کا منبع صرف اسی کے پاس ہے۔ انسانوں کو وہ حسب موقع اور ضرورت اس میں سے صرف اس قدر عطا فرماتا ہے جتنا وہ چاہتا ہے۔ اس کائنات میں بے شمار قوانین قدرت ہیں جن میں سے کچھ کا ادراک انسان کو عطا ہوا ہے اور وہ ان سے بڑے بڑے عجائب دکھا رہا ہے۔ اور بے شمار قوانین قدرت بھی انسان کی دسترس سے باہر ہیں۔ اسی لئے دنیا کے سب سے بڑے سائنسدان نیوٹن نے کہا تھا کہ میں تو خود کو یوں محسوس کرتا ہوں کہ علم کے سمندر میں سے ہیرے جواہرات کی تلاش کے لئے ساحل پر آیا ہوں لیکن ہنوز ریت پر بکھری سیپیاں ہی چن رہا ہوں۔ خداتعالیٰ کی پیدا کردہ مخلوق میں سے پرندے اور جانور جو بظاہر انسان کے مقابل پر فہم و فراست سے عاری ہیں جبلی طور پر ایسے ایسے قوانین قدرت کو اتنی مہارت سے استعمال کرتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ انسان حیرت سے گنگ ہو جاتا ہے۔ اور اس کی بنائی ہوئی جدید سے جدید اور حساس سے حساس مشینیں ان جانوروں کا پاسنگ بھی نہیں ہیں۔

قدرت کے بعض عجائبات

چمگادڑ اور ڈولفن جدید سے جدید ریڈار کو اپنی آواز اور صدائے بازگشت کو استعمال کرنے کی کارکردگی سے شرما دیتی ہیں۔ چمگادڑ اپنے منہ سے نہایت بلند فریکوئنسی کی آوازیں نکالتی ہے جنہیں انسانی کان نہیں سن سکتے۔ یہ آوازیں جب کسی ٹھوس چیز سے ٹکرا کر واپس آتی ہیں تو چمگادڑ کو پتہ چل جاتا ہے کہ وہ چیز کیا ہے۔ کتنے سائز کی ہے۔ کس سمت میں کتنی دوری پر ہے۔ اگر وہ اس کا شکار ہے تو وہ اس طرف کو بڑھتی ہے۔ جوں جوں شکار کے قریب آتی ہے اس کی آوازوں کی رفتار تیز ہوتی جاتی ہے یہاں تک کہ دوصد کلک (Click) فی سیکنڈ تک جا پہنچتی ہے جس سے اس کو شکار کی مطلوبہ تفصیل پوری طرح حاصل ہو جاتی ہے۔ چمگادڑ کو یہ علم ہے کہ آوازوں کی رفتار کو صرف قریب آ کر ہی بڑھانا ہے اگر دور سے ان کی رفتار تیز ہو جائے تو جو آواز واپس صدائے بازگشت کی صورت میں آ رہی ہے وہ راستہ میں اپنے بعد جانے والی آواز سے مل کر گڑبڑ پیدا کر دے گی۔ ڈولفن یہی کام سمندر میں پانی کے اندر کرتی ہے۔

الیکٹرک ایل (EEL) ایسی مچھلی ہے جس کے جسم پر بے شمار بجلی پیدا کرنے والے ننھے ننھے ابھار سے ہیں جو ہلکی ہلکی وولٹ میں بجلی پیدا کرتے ہیں۔ چونکہ وہ سیریز (Series) میں بنے ہوئے ہیں اس لئے ان کی ہلکی بجلی سے مچھلی کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔ اگر متوازی (Parallel) شکل میں ہوتے تو خود مچھلی اس بجلی سے مر جاتی۔ دم کے آخر پر سب اعصاب کی بجلی اکٹھی ہو کر 550 سے 650 وولٹ تک ہو جاتی ہے گھروں میں استعمال ہونے والی بجلی صرف 220 وولٹ کی ہوتی ہے جو کسی بھی انسان کو ایک ہی جھٹکے سے ہلاک کر دینے کے لئے کافی ہے۔ مچھلی کو علم ہے کہ اس نے بجلی کو بچا کر رکھنا ہے اس لئے عام حالات میں وہ اس کو اکٹھا نہیں کرتی بلکہ ہلکی حالت میں رکھتی ہے۔ صرف حسب ضرورت اس کو استعمال کرتی ہے۔ نیز اپنے چاروں طرف موجود الیکٹرک فیلڈ کی بدولت وہ اپنے شکار وغیرہ کا پتہ لگاتی ہے۔ جونہی بجلی کی لہر کسی ٹھوس چیز سے ٹکرا کر واپس آتی ہے تو اس کا وولٹ میٹر اس کی تبدیلی سے اس چیز کی ماہیت جان لیتا ہے کہ وہ کوئی شکار ہے یا دشمن یا بے جان چیز۔ مچھلی کو پتہ ہے کہ عام مچھلی کی طرح جسم کو بل دے کر تیرنے کی صورت میں اس کی بجلی کی لہروں کی شکل صورت میں گڑبڑ ہو جائے گی۔ اس لئے وہ اپنے جسم کو سیدھا اکڑ کی حالت میں رکھتی ہے اور عام مچھلیوں سے مختلف طریقہ سے تیرتی ہے۔

سانپوں کی بعض اقسام درجہ حرارت کی اتنی خفیف سے خفیف تبدیلی کو محسوس کر لیتی ہیں جو حساس سے حساس آلہ نہیں کر سکتا۔ اس صلاحیت کی مدد سے وہ فاصلہ پر کسی چیز کے اندر چھپے ہوئے شکار کے جسم کے درجہ حرارت سے اس کی موجودگی کو پا لیتے ہیں۔

پلے ٹاپس (Platypus) بطخ کی چونچ والا ایک عجیب وغریب سمندری جانور ہے جو بجلی کی لہروں سے اتنا حساس ہے کہ دور فاصلہ پر تیرتی ہوئی مچھلی کی دم کے حرکت کرنے اور کسی پتھر کے نیچے چھپے ہوئے شکار کے سانس لینے سے اس کے گلپھڑوں کی حرکت سے جو خفیف سی بجلی پیدا ہوتی ہے اسے حساس سے حساس آلہ بھی معلوم نہیں کر سکتا یہ اس کو بھی جان لیتا ہے۔ کاکروچ اتنی ہلکی تھرتھراہٹ (Vibration) کو محسوس کر لیتے ہیں جسے کوئی انسان کا بنا ہوا آلہ نہیں جان سکتا۔

الو رات کی تاریکی میں اپنی بڑی بڑی آنکھوں سے دیکھ سکتا ہے اور پتوں کے نیچے چھپے ہوئے شکار کی ہلکی سی سرسراہٹ سے اس کی موجودگی پا کر اسے جا دبوچتا ہے۔

شہد کی مکھی اپنے ناچ سے ملکہ مکھی کو نئی کالونی کی جگہ سے متعلق پوری تفصیل دے دیتی ہے کہ وہ جگہ کس طرف کتنے فاصلہ پر واقع ہے۔ کیا وہ کسی درخت کا کھوکھلا تنا۔ کسی چٹان کی دراڑ یا اردگرد ٹہنیوں سے محفوظ تنا ہے۔ اس سے کتنے فاصلہ پر پھولوں وغیرہ کا اور پانی کا ذخیرہ موجود ہے اور ملکہ مکھی سب مکھیوں کا باری باری ناچ دیکھنے کے بعد فیصلہ کرتی ہے اور اس طرف کا رخ کرتی ہے جبکہ باقی سب مکھیاں اس کی اطاعت میں اس کے پیچھے اڑتی ہیں۔

دنیا کا سب سے برا جانور بلیو وہیل سمندر کی لہروں سے پیدا ہونے والی سطح سمندر پر موجود الیکٹرک فیلڈ کو اپنا راستہ تلاش کرنے کے لئے استعمال کرتی ہے۔ گدھ کی آنکھوں میں ٹیلی لینز (Telelense) کی خوبی پائی جاتی ہے جس کی مدد سے وہ دور کی چیزوں کو قریب اور سائز میں بڑا کر کے دیکھ سکتا ہے۔ چنانچہ وہ اڑھائی میل کی بلندی سے کئی میل کے رقبہ میں پڑے ہوئے کسی مردہ جانور کو بآسانی دیکھ لیتا ہے۔

نتیجہ

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ چلو وقتی طور پر مان لیتے ہیں کہ گیم آف چانس کے تحت جسمانی ارتقا کرتے کرتے جانوروں میں ماحول کی مطابقت کے لحاظ سے ایسی تبدیلیاں پیدا ہو گئیں جو ان کی بقا کے لئے ضروری تھیں۔ لیکن جانوروں کے دماغ تو اتنے ترقی یافتہ نہیں ہو گئے کہ پیچیدہ سائنس کے اصولوں کو سمجھ کر انہیں شعوری طور پر استعمال کر سکیں۔ سمندری پرندے Gull کو یہ کس نے سکھایا کہ اگر سخت سیپی یا گھونگھے کو اس کے اندرونی کیڑے کی خوراک کے لئے حاصل کرنے کی غرض سے توڑنا مقصود ہو تو نیو میٹک Pneumatic کے اصول کے تحت بڑی تیز رفتار سے ایک ہی جگہ پر چونچ سے متواتر ضربیں لگانے سے اس میں سوراخ ہو جائے گا۔ ایسے بے شمار واقعات قدرتی زندگی میں ملتے ہیں جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جانوروں کے دماغ میں موہبت کے طور پر ایک صفت ودیعت کر دی گئی ہے جس کے تحت وہ غیر شعوری طور پر حیران کن کام کرتے نظر آتے ہیں شہد کو خداتعالیٰ نے انسانوں کے لئے شفا کا موجب بیان فرمایا ہے۔ چنانچہ تمام کیڑے مکوڑوں میں سے صرف شہد کی مکھی ہے جس کا جسم مکمل طور پر جراثیم سے پاک ہے اور مزید یہ کہ وہ اپنے چھتے کے اردگرد پراپلس کی تہ بچھاتی ہے جو جراثیم کش مواد ہے اور ہر دفعہ چھتے میں داخل ہونے سے پہلے اس پر پاؤں رکھ کر انہیں صاف کرتی ہے۔ ان تمام باتوں سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ایک خالق حقیقی موجود ہے جو اپنی صفات کے مختلف جلوے ظاہر کرنے کے لئے مختلف قوانین قدرت جانوروں کی سرشت میں ڈال دیتا ہے اور وہ اس کے مطابق کسی خودکار مشین کی طرح کام کرتے چلے جاتے ہیں۔ آخر ایک ہی قسم کے ماحول میں موجود جانور اور پرندے ایک ہی قسم کی بقا کی ضروریات کی خاطر جب ارتقا پذیر ہوتے ہیں تو وہ ایک جیسے سائنس کے قوانین کیوں استعمال نہیں کرتے؟ ایسا کیوں ہے کہ کوئی جانور آواز کو۔ درجہ حرارت کی کسی کمی بیشی کو۔ بجلی کی لہروں کو اور کسی ارتعاش کو اپنے مقصد کے لئے استعمال کرتا نظر آتا ہے۔ گیم آف چانس کے تحت اگر ایک بندر کو ایک ٹائپ مشین پر بٹھا دیا جائے اور وہ بغیر سوچے سمجھے اس کی کیز Keys پر انگلی سے ضربیں لگانے لگے تو کروڑوں اربوں سال کے اس عمل کے دوران ہو سکتا ہے کہ وہ اتفاقاً شیکسپئر کے کسی ڈرامے کا کوئی فقرہ ہو بہو ٹائپ کر ڈالے۔ اس 'ہو سکتا ہے' میں امکان کا پہلو کس قدر کمزور ہے۔ پھر اگر ہو بھی جائے۔ تو نتیجہ کسی قدر ادنیٰ ہے اور جو وقت درکار ہے وہ کس قدر لمبا ہے۔ آخر ان نیچریوں کو کیا ہو گیا ہے۔ صرف خدا کی ہستی سے انکار کے لئے ایسا بودا نظریہ اختراع کرنے کی ضرورت ہی کیا ہے۔ کیوں نہیں مان لیتے کہ اگر کوئی عمارت، مشین، کمپیوٹر بنانے کے لئے کسی اعلیٰ دماغ اور منصوبہ کی ضرورت ہے اور یہ چیزیں گیم آف چانس کے تحت ازل سے ابد تک کے عرصہ میں بھی نہیں بن سکتیں تو پھر کارخانہ قدرت اور زندگی کی مختلف اقسام جو ان اشیاء سے کہیں زیادہ ارفع واعلیٰ اور پیچیدہ ہیں خود بخود کیسے معرض وجود میں آ سکتی ہیں۔ یقیناً ان کا خالق خدا موجود ہے جو باقاعدہ کسی مقصد اور منصوبہ کے تحت تمام کائنات پیدا فرماتا اور مختلف جانوروں میں مختلف علوم ودیعت کرتا ہے جس سے اس کی خدائی کا اظہار ہوتا ہے۔

☆☆☆

محمد اکرم خالد صاحب

کینولا (میٹھی سرسوں) کا استعمال و کاشت

سرسوں کی فصل صدیوں سے کاشت کی جانے والی فصل ہے جس کا تیل عام طور پر اچار پکوڑے یا پھر بالوں کو لگانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

کینولا کا لفظ بظاہر بڑا اجنبی سا معلوم ہوتا ہے دراصل یہ سرسوں ہی ایک ترقی یافتہ قسم کا نام ہے۔ عام سرسوں کے تیل میں Erucic Acid ہوتا ہے جو کہ انسانی صحت کے لئے مضر ہے اور اس کی کھلی میں Glucosionilate ہوتا ہے جو جانوروں کے لئے نقصان دہ ہے۔

1970ء میں کینیڈا کے سائنس دانوں نے تحقیق کرکے Genetic Engineering کے ذریعے ان دونوں نقصان دہ اجزاء کو ختم کرکے اسے بہترین کھانے کا تیل بنا دیا اور اس کا نام کینولا یعنی "Canadian Oil with low Acid" رجسٹرڈ کروایا۔ جنوری 1985ء میں امریکہ کی خوراک کی انتظامیہ (GRAS) نے کینولا آئل کو صحت کے لئے بہترین اور محفوظ قرار دیا۔ اس وقت جاپان، کینیڈا اور یورپ میں سب سے زیادہ اسی تیل کو استعمال کیا جا رہا ہے۔ کیونکہ اس میں غیر مفید چکنائی کے اجزاء سب سے کم ہیں لہذا یہ دل کی بیماریوں کے لئے بھی محفوظ سمجھا جاتا ہے۔ درج ذیل رپورٹ میں مفید اور غیر مفید چکنائی کا تجزیہ پیش کیا گیا ہے۔

نمبر شمار	نام تیل یا گھی	مفید چکنائی کے اجزاء	غیر مفید چکنائی کے اجزاء
1	کینولا	93 فیصد	7 فیصد
2	کسنبہ	90 فیصد	10 فیصد
3	سورج مکھی	88 فیصد	12 فیصد
4	مکئی	87 فیصد	13 فیصد
5	زیتون	85 فیصد	15 فیصد
6	سویابین	85 فیصد	15 فیصد
7	مونگ پھلی	81 فیصد	19 فیصد
8	بنولہ	73 فیصد	27 فیصد
9	لارڈ چربی	57 فیصد	43 فیصد
10	بیف چربی	52 فیصد	48 فیصد
11	پام آئل	49 فیصد	51 فیصد
12	مکھن	32 فیصد	68 فیصد
13	ناریل	9 فیصد	91 فیصد

مندرجہ بالا گوشوارے سے ظاہر ہے کہ کینولا آئل میں غیر مفید چکنائی یعنی Unsaturated fats سب سے کم ہیں۔ اس بات کو ثابت کرنے کے لئے آسان سا تجربہ یہ ہے کہ آپ خالص کینولہ کے تیل میں پکوڑے بنا کر اخبار پر رکھیں تو اخبار خشک رہے گا اس کے مقابل پر کسی بھی بازاری تیل میں بنے ہوئے پکوڑے اخبار کو تر کردیں گے کیونکہ اس تیل میں چکنائی کی مقدار زیادہ ہے۔ اب مشکل یہ ہے کہ کینولا کا خالص تیل کس طرح حاصل کیا جائے۔

زمینداروں کے لئے تو آسان طریقہ یہ ہے کہ ہر زمیندار اپنے رقبہ پر کینولا کی فصل خود کاشت کرے۔ اگر رقبہ خالی نہ ہو تو برسیم میں بطور چارہ گوبھی سرسوں کی بجائے کینولا کاشت کریں اور چارہ کاٹتے وقت کچھ کچھ فاصلے پر ایک ایک پودا کینولا کا چھوڑتے جائیں۔ یاد رہے کہ کینولا کا چارہ میٹھی سرسوں ہونے کی وجہ سے جانوروں کے لئے بہترین ثابت ہوا ہے۔ برسیم میں چھوڑے ہوئے پودے جب پک کر تیار ہو جائیں تو انہیں کاٹ کر گہائی کریں اور کینولا کا خالص بیج حاصل کرکے تیل نکلوائیں۔ بازار سے کینولا کا خالص بیج حاصل کرنے کی پہچان یہ ہے کہ عام سرسوں کو اگر منہ میں ڈالیں تو فوراً زبان پر چبھن کا احساس ہوگا کیونکہ اس میں تیزابیت ہوتی ہے جبکہ کینولا بادام کی طرح خوش ذائقہ ہوگا۔ ظاہری طور پر کینولا اور عام سرسوں کے بیج میں تمیز کرنا مشکل ہے۔ صرف چبانے سے ہی آسانی سے خالص کینولا کا پتہ چل جائے گا۔ کینولا کی فصل فروری مارچ میں پک کر تیار ہو جاتی ہے اور عام مارکیٹ میں دستیاب ہوتی ہے۔

کینولا کے بیج میں چالیس فیصد سے زائد تیل ہوتا ہے مگر یہ سالونٹ (Solvent) پلانٹ پر نکلتا ہے عام کوھو پر 33% یعنی ایک من میں سے تیرہ چودہ کلوگرام تیل حاصل ہوگا۔ کوھو میں سے تیل نکلوانے سے پہلے اسے اچھی طرح صاف کروا لینا چاہئے تاکہ پہلے سے موجود عام سرسوں کی کڑواہٹ تیل میں شامل نہ ہو جائے۔ اب اس خالص تیل کو درج ذیل طریقہ سے صاف کرکے کھانے کے لئے استعمال کریں۔

تیل کو صاف کرنے کا طریقہ

بازار سے موٹا کپڑا (فلٹر کلاتھ) لے کر اس کا تکون یا چھوٹا تھیلا بنائیں۔ اس تھیلے کو چارپائی یا کسی مضبوط سٹینڈ سے لٹکا دیں اور اس کے نیچے صاف برتن رکھیں۔ پانچ کلوگرام خام تیل دیگچے یا کڑاہی میں ڈالیں اور چولہے پر رکھ کر اتنا گرم کریں کہ دیگچے کو ہاتھ نہ لگے یا درجہ حرارت 85 ڈگری سنٹی گریڈ تک ہو۔ اب بازار سے عام گاچنی لے کر میدہ کی طرح پیس لیں اور 150 گرام اس تیل میں ڈال کر پانچ منٹ تک چمچہ کی مدد سے حل کریں اور چولھے سے اتارلیں۔ اس گرم تیل کو تھیلے میں ڈال دیں۔ پہلے دو تین منٹ میں تھیلے سے نکلے ہوئے گدلے تیل کو تھیلے میں واپس ڈال دیں۔ ایک گھنٹہ میں آپ کی ضرورت کے مطابق صاف شفاف تیل جمع ہو جائے گا اور باقی صاف شدہ تیل تھیلے سے آہستہ آہستہ نکلتا رہے گا۔ اس طرح سے حاصل کردہ تیل بازار کے تیل سے کہیں زیادہ سستا آلائش سے پاک اور غذائیت سے بھرپور ہوگا۔ صاف شدہ تیل سے ضرورت کے مطابق تیل نکالیں اور اس کے لئے خشک چمچہ استعمال کریں تاکہ باقی ماندہ تیل کی کوالٹی متاثر نہ ہو۔

پیداواری عوامل

کینولا (میٹھی سرسوں) کی پیداوار عام سرسوں کے مقابل پر دوگنی سے بھی زیادہ ہے۔ اب تو کینولا کی دوغلی یعنی (Hybrid) اقسام نے کاشتکار کی زندگی میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ اس بیج میں چالیس سے پچاس من فی ایکڑ تک کی پیداواری صلاحیت موجود ہے۔ اچھی پیداوار کے لئے چند باتیں پیش خدمت ہیں۔

زمین اور اس کی تیاری

بہت زیادہ ریتلی، کلراٹھی اور سیم زدہ زمین کینولا کی کاشت کے لئے موزوں نہیں ہے۔ بھاری میرا یا پھر میرا زمین اس کی کاشت کے لئے بہترین ہے۔ دو سے تین مرتبہ ہل چلا کر پانی دیں۔ وتر آنے پر دو سے تین مرتبہ ہل چلا کر سہاگہ دے کر زمین کو اچھی طرح باریک کریں۔

وقت کاشت

15 ستمبر سے آخر اکتوبر تک۔ اگر موسم زیادہ گرم ہو تو ہرگز کاشت نہ کریں۔ کاشت کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35 سنٹی گریڈ ہونا چاہئے۔

شرح بیج

عام طور پر شرح بیج کا انحصار زمین کی تیاری وتر اور طریقہ کاشت پر ہوتا ہے۔ اچھے موسم اور اچھی زمین کے لئے تر وتر میں ڈیڑھ کلو بیج فی ایکڑ کافی ہے۔

طریقہ کاشت

اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لئے قطاروں میں کاشت کرنا چاہئے جس کے لئے ڈرل استعمال کی جاسکتی ہے۔ قطاروں کا فاصلہ ڈیڑھ سے دو فٹ تک ہونا چاہئے۔ بیج کی گہرائی تر وتر میں ایک سے ڈیڑھ انچ تک ہونی چاہئے۔ اگر ڈرل موجود نہ ہو تو کاشت بذریعہ چھٹا کریں مگر اس کے لئے ضروری ہے کہ وتر تر ہو اور بیج زیادہ گہرا نہیں جانا چاہئے۔ بہتر ہوگا بیج چھٹا کرنے کے بعد ہلکی ہل کے ساتھ سہاگہ کر دیں۔ بارانی علاقوں میں زمین کو ہل چلا کر کھلا چھوڑ دیں اور بارش ہوتے ہی ہل اور سہاگہ چلا کر وتر محفوظ کرلیں۔ موسم معتدل ہونے پر ڈیڑھ سے دو انچ گہرائی تک ڈرل کریں کیونکہ اوپر کی سطح پر نمی کم ہوسکتی ہے۔

بیج کی اقسام اور فراہمی

پاکستان آئل سیڈ ڈویلپمنٹ بورڈ (PODB) کا تیار کردہ سادہ قسم "بلبل" اور پنجاب سیڈ کارپوریشن کا بیج کینولا منظور شدہ ڈیلرز کے پاس ہر جگہ دستیاب ہے۔ بہت زیادہ پیداواری صلاحیت کا حامل ICI کمپنی کا دوغلی قسم کا غیر ملکی بیج جو کہ "ہائی اولا 401" کے نام سے مشہور ہے زرخیز رقبہ میں کاشت کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔

کھاد کا استعمال

کاشت کے وقت ایک بوری ڈی اے پی نصف بوری یوریا یا دو بوری نائٹروفاس ڈالیں۔ ایک بوری پوٹاش ڈالنے سے پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ دوسرے پانی کے ساتھ ڈیڑھ بوری یوریا فی ایکڑ استعمال کریں۔ فصل کو شروع سے پودے کے پھیلاؤ تک خوراک کی کمی نہ ہونے دیں یعنی بیجائی سے لے کر پہلے تین ماہ تک سفارش کردہ کھاد کی پوری مقدار ڈالیں۔ بارانی علاقوں میں تمام سفارش کردہ کھاد بجائی کے وقت ڈال دینی چاہئے۔ ایک ضروری بات یاد رہے کہ کھیت میں بیج ڈالنے سے پہلے کھاد کو زمین میں مکس کر دینا چاہئے تاکہ بیج کے ساتھ چھونے سے اگاؤ متاثر نہ ہو۔

آبپاشی

پہلا پانی بجائی کے ایک ماہ بعد دوسرا پانی پہلے پانی کے 25-30 دن بعد۔ تیسرا پانی پھول بنتے وقت۔ موسم کے مطابق پانی میں کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔ پھول سے بیج بننے تک کا مرحلہ انتہائی اہم ہوتا ہے۔ فصل اگنے کے بعد اگر اچانک کورے کی لہر آجائے تو فصل کو ہلکا سا پانی لگا دینا چاہئے۔ زیادہ دیر پانی کھڑا رہنے سے پودے مر سکتے ہیں۔ زمین کا ہموار ہونا ضروری ہے۔

جڑی بوٹیوں کو تلف کرنا

اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لئے جڑی بوٹیوں کا تلف کرنا نہایت ضروری ہے۔ بجائی کے ڈیڑھ دو ماہ بعد پہلے پانی کے وتر آنے کے بعد گوڈی کرکے جڑی بوٹیوں کو ختم کیا جاسکتا ہے۔ اگر رقبہ پہلے سے فارغ ہو تو داب کرکے جڑی بوٹیاں اگا کر تلف کر دیں اور دوسری راؤنی پر وتر میں فصل کاشت کریں۔

کیڑے اوران کا انسداد

فصل پر اگاؤ کے مرحلہ میں ٹوکہ کا حملہ ہوتا ہے جو کہ نا قابل تلافی نقصان کرسکتا ہے جس کے لئے بجائی کے تین چار دن کے اندر کیڑے مار پاؤڈر کا چھڑ کریں۔ پھول بننے کے بعد پھلیاں بنتے وقت تیلہ (ایفڈ) کا حملہ ہونے کی صورت میں ایڈوانٹیج دوائی کا استعمال کریں۔

طریقہ اور وقت برداشت

کینولا یا بائی اولا کی برداشت کا مرحلہ سب سے اہم اور اہمیت کا حامل ہے۔ ذرا سی لاعلمی یا کوتاہی کاشتکار کو نا قابل تلافی نقصان پہنچا سکتی ہے۔ اگر 30 سے 40 فیصد پھلیوں کا رنگ بھورا ہو جائے تو فصل کٹائی کے لئے تیار ہے۔ مزید آسان طریقہ یہ ہے کہ کھیت میں سے مختلف جگہوں سے 10 پودے لیں۔ پودے کی بنیادی شاخ سے چار سے پانچ پھلیاں توڑیں۔ ان پھلیوں کا بیج کسی سفید کاغذ یا برتن میں ڈال لیں اگر 40 فیصد بیج بھورے 30 فیصد سبزی مائل ہوں تو فصل کاٹ کر کھلیان پر لے جائیں۔ کھلیان صاف ستھری جگہ پر ہونا چاہئے فصل زیادہ پک جانے یا کاٹ کر زیادہ دن پڑی رہنے سے بہت زیادہ نقصان ہوسکتا ہے کیونکہ پھلیاں زیادہ پک کر پھٹ جاتی ہیں اور بیج ضائع ہو جاتا ہے۔ کٹائی صبح کے وقت کرنی چاہئے اس طرح نقصان کم سے کم ہوگا۔ اسی طرح اکٹھا بھی صبح کے وقت ہی کرنا چاہئے۔ کٹی ہوئی فصل اٹھاتے وقت کپڑا بچھا لینا چاہئے تاکہ اٹھاتے وقت دانے ضائع ہونے سے بچ جائیں۔ کھلیان میں ایک ہی بڑا ڈھیر لگانے سے بارشیں نقصان پہنچا سکتی ہیں لہذا بہتر ہوگا کہ ہر چار پانچ ایکڑ کے لئے ایک کھلیان بنایا جائے اور اس میں 20-30 فٹ لمبے اور 5-6 فٹ اونچے قطاروں میں ڈھیر لگائیں اور قطاروں میں 2-3 فٹ کا فاصلہ ہونا چاہئے تاکہ ہوا لگتی رہے اس طرح انشاء اللہ نقصان کم سے کم ہوگا۔ 8-10 دن بعد فصل خشک ہونے پر کمبائن ہارویسٹر یا ٹریکٹر چلا کر گہائی کریں۔ گندم کے تھریشر سے بھی گہائی کی جاسکتی ہے لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ ٹریکٹر کی رفتار کم سے کم رکھی جائے۔ گہائی کے ذریعے بیج نکالنے کے بعد اسے ہوا میں اڑا کر صاف کرلیں اور دھوپ میں اچھی طرح خشک کرنا چاہئے۔ نمی کی مقدار 8 فیصد سے زیادہ نہ ہو۔ زیادہ نمی والا بیج سٹور کرنے پر خراب ہو سکتا ہے۔

آخر میں تمام کاشتکار بھائیوں سے گزارش ہے کہ زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کینولا کاشت کرکے اپنی معیشت کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ انسانوں اور جانوروں کی صحت کے ضامن بنیں اور وطن عزیز کو قیمتی زرمبادلہ خرچ کرنے سے بچائیں۔ اس وقت ملک میں پٹرولیم کی مصنوعات کے بعد دوسرے نمبر پر خوردنی تیل ہے جس کی درآمد پر پچاس ارب روپے سے زائد کا زرمبادلہ خرچ ہو رہا ہے۔ اللہ ہماری مدد فرمائے۔

محمد سمیع طاہر صاحب

محترم میجر (ر) عبداللطیف صاحب کا ذکر خیر

گزشتہ چند برسوں میں شمالی چھاؤنی لاہور بزرگ ہستیوں سے محروم ہوگئی۔ مکرم میاں شریف احمد صاحب، مکرم میجر (ر) عبداللہ مہار صاحب، مکرم بریگیڈیئر (ر) نصیر شاہ صاحب، کپتان (ر) عبدالرحمن صاحب اور میجر (ر) عبداللطیف صاحب چلے گئے۔

اگر کبھی جماعت شمالی چھاؤنی کی تاریخ لکھی گئی تو اس کی ابتدا میں انہی بزرگوں کا ذکر ہوگا۔ ان ہستیوں نے شبانہ روز محنت سے گلشن احمد کا ایک چھوٹا سا باغیچہ لگایا جو اب خوبصورت اور پر بہار باغ بن چکا ہے۔

مجھے میجر (ر) نذیر بھٹی کے گھر کا برآمدہ یاد آتا ہے۔ جہاں مغرب کے بعد ان بزرگوں کی نشست ہوا کرتی تھی، جماعتی سرگرمیوں کے ذکر کے ساتھ ساتھ حالات حاضرہ پر تبصرے کئے جاتے اور تازہ بتازہ معلومات کا تبادلہ ہوتا تھا۔

وہ خوبصورت ایام کتنی جلد گزر گئے اب تو یادیں باقی رہ گئی ہیں البتہ وہ آوازیں اب بھی کانوں میں گونجتی ہیں۔ میجر لطیف صاحب کا دبنگ لہجہ اور ہنسی کی بازگشت سنائی دیتی ہے۔

گزشتہ دنوں محترم جنرل (ر) ناصر احمد صاحب کی میجر (ر) عبداللطیف صاحب کے بارے میں ایک تحریر الفضل ربوہ کے ذریعہ نظر نواز ہوئی تو مجھے بھی تحریک ہوئی کیونکہ میجر صاحب کے بارے میں کچھ لکھنا میرے لئے ایک فرض بھی ہے اور قرض بھی۔

فرض اس لئے کہ ہم شمالی چھاؤنی میں بلاک سی میں رہتے رہے اور قرض اس لئے کہ ان کی رہنمائی میں دس سال تک شمالی چھاؤنی میں شعبہ مال میں خدمات بجالانے کی سعادت میسر آئی۔

اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ ان کے اخلاق اور کردار سے میں نے بہت کچھ سیکھا اور ان سے ایک تعلق خاص قائم ہو گیا یہ تعلق جہاں اطاعت وفرمانبرداری کا ہے وہاں عقیدت ومحبت اور احترام کا بھی ہے۔

محترم لطیف صاحب جماعت احمدیہ لاہور کے سیکرٹری ضیافت تھے پھر نائب امیر ہوئے لیکن شمالی چھاؤنی، لاہور سے ان کا رابطہ کبھی اور کسی دور میں کمزور نہیں ہوا بلکہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مضبوط سے مضبوط تر ہوتا چلا گیا۔ جب وہ نائب امیر بنے تو شمالی چھاؤنی کے نماز سنٹر میں ان کی آمد ذرا کم ہو گئی (کیونکہ اب ان کا زیادہ وقت دارالذکر میں گزرنے لگا تھا) لیکن شمالی چھاؤنی میں جب بھی کوئی تقریب یا خاص پروگرام ہوتا محترم میجر صاحب موجود ہوتے تھے۔ لیکن اب ان کی کمی محسوس کی جائے گی۔

پچھلے سال اپریل میں امریکہ، کینیڈا میں تین سال قیام کے بعد واپس آیا تو مجھے جن بزرگوں سے ملنے کا اشتیاق تھا ان میں سرفہرست آپ ہی تھے۔

دارالذکر لاہور کی محراب میں خطبہ جمعہ سے ذرا پہلے وہ اپنے دفتر سے اٹھ کر آئے تو دور سے وہ مجھے کمزور سے لگے۔ جمعہ کے بعد ان سے ان کے دفتر میں ملاقات ہوئی نہایت گرمجوشی سے ملے اور دیر تک عزیز واقارب کے حالات پوچھتے رہے۔ وہ نہایت مستعدی سے اپنے فرائض بھی ادا فرماتے رہے۔ میری موجودگی میں کئی احباب و کارکن تشریف لائے اور میجر صاحب ان کو احکامات دیتے رہے اور ساتھ ساتھ گفتگو فرماتے رہے۔

